روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
بدھ 17 جون 2009ء 23 جمادی الثانی 1430 ہجری 17 احسان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 134

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جس طرح خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ اپنے صفاتِ اخلاقیہ سے دِلوں میں اپنی محبت جماوے ایسا ہی اُن کی صفاتِ اخلاقیہ میں اِس قدر معجزانہ تاثیر رکھ دیتا ہے کہ دل اُن کی طرف کھینچے جاتے ہیں۔ وہ ایک عجیب قوم ہے کہ مَرنے کے بعد زندہ ہوتے ہیں اور کھونے کے بعد پاتے ہیں اور اِس قدر زور سے صدق اور وفا کی راہوں پر چلتے ہیں کہ اُن کے ساتھ خدا کی ایک الگ عادت ہو جاتی ہے گویا اُن کا خدا ایک الگ خدا ہے جس سے دُنیا بے خبر ہے۔ اور اُن سے خدا تعالیٰ کے وہ معاملات ہوتے ہیں جو دوسروں سے وہ ہرگز نہیں کرتا جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام چونکہ صادق اور خدا تعالیٰ کا وفادار بندہ تھا۔ اِس لئے ہر ایک ابتلاء کے وقت خدا نے اُس کی مدد کی جبکہ وہ ظلم سے آگ میں ڈالا گیا۔ خدا نے آگ کو اُس کے لئے سرد کر دیا۔ اور جب ایک بدکردار بادشاہ اُن کی بیوی سے بدارادہ رکھتا تھا تو خدا نے اُس کے اُن ہاتھوں پر بلا نازل کی جن کے ذریعہ سے وہ اپنے پلید ارادہ کو پورا کرنا چاہتا تھا۔ پھر جبکہ ابراہیم نے خدا کے حکم سے اپنے پیارے بیٹے کو جو اسمٰعیل تھا ایسی پہاڑیوں میں ڈال دیا جن میں نہ پانی نہ دانہ تھا۔ تو خدا نے غیب سے اُس کے لئے پانی اور سامانِ خوراک پیدا کر دیا۔

اور ظاہر ہے کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ ظالم لوگ اُن کو ہلاک کر دیتے ہیں اور آگ میں ڈالتے اور پانی میں غرق کر دیتے ہیں اور کوئی مدد خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن کو نہیں پہنچتی گو وہ نیک بھی ہوتے ہیں۔ اور کئی لوگ ایسے ہیں کہ بد ذات لوگ اُن کی عورتوں سے زنا بالجبر کرتے ہیں۔ اور کئی ایسے لوگ ہیں جن کی اولاد کسی جنگل میں پانی سے ترستی ترستی مر جاتی ہے اور اُن کے لئے غیب سے کوئی آبِ زمزم پیدا نہیں ہوتا۔ پس اس سے سمجھا جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ کا معاملہ ہر ایک شخص سے بقدر تعلق ہوتا ہے۔ اور گو محبوبین الٰہی پر مصائب بھی پڑتی ہیں۔ مگر نُصرتِ الٰہی نمایاں طور پر اُن کے شاملِ حال ہوتی ہے اور غیرتِ الٰہی ہرگز ہرگز گوارا نہیں کرتی کہ اُن کو ذلیل اور رُسوا کرے اور اُس کی محبت گوارا نہیں کرتی کہ اُن کا نام دُنیا سے مٹا دے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد22 ص 52)

روشن چہرے کے خدوخال

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک بار جوتی مرمت کرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کو پسینہ آیا تو مجھے اس میں سے نور پھوٹتا ہوا دکھائی دیا۔ میں نے عرض کیا کہ ابو کبیر ھذلی کے ان اشعار کے مصداق دراصل آپ ہیں۔

فاذا نظرت الی اسرة وجهه — برقت کبرق العارض المتهلل

یعنی تم میرے محبوب کے روشن چہرے کے خدوخال دیکھو گے تو تمہیں اس کی چمک دمک بادل سے چمکنے والی بجلی کی طرح معلوم ہوگی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہیں مجھے دیکھ کر اتنا لطف نہیں آیا ہوگا جتنا لطف مجھے تم سے یہ شعر سن کر آیا ہے۔

(سنن بیہقی جلد7 صفحہ 422 باب الحیض علی الحمل حدیث نمبر:15204)

تائید الٰہی کے نشانات

شوریٰ 2009ء کی سفارش ہے کہ سال 2009ء کے لئے حقیقۃ الوحی کو ساری جماعت بشمول ذیلی تنظیموں کے لئے بطور نصاب مقرر کر دیا جائے اور ہر سہ ماہی میں اس کتاب کے ایک حصہ کا امتحان بھی لیا جائے۔ امید ہے کہ احباب جماعت سکیم کے مطابق حقیقۃ الوحی کے روزانہ 7 صفحات کا مطالعہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہوں گے۔

حقیقۃ الوحی کی اہمیت کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر فرمایا ہے کہ

"ہم نے ایک سو ستاسی نشانات کتاب حقیقۃ الوحی میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ درج کئے ہیں۔" (ملفوظات جلد5 صفحہ 352)

"ایک تازہ کتاب حقیقۃ الوحی میں نے لکھی ہے۔ اس کا مطالعہ کر کے دیکھ لیا جاوے کہ کس قدر نشان خدا تعالیٰ نے میری تائید کے واسطے ظاہر فرمائے۔"

(ملفوظات جلد5 صفحہ 554)

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر
معائنہ مریضاں: ایڈمنسٹریشن بلاک

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
معائنہ مریضاں: آؤٹ ڈور گراؤنڈ

☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ
معائنہ خواتین مریضاں: بیگم زبیدہ بانی ونگ

تینوں ڈاکٹرز صاحبان مورخہ 21 جون 2009ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ احباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

جماعت احمدیہ برطانیہ کے زیر اہتمام بیت الفتوح (لندن) میں امن کانفرنس کا انعقاد

اگر اقوام متحدہ انصاف کی اعلیٰ قدروں کا قیام چاہتی ہے تو اسے طاقتور اور کمزور قوموں کو یکساں حقوق دینے ہوں گے

دنیا کے اضطراب کی وجہ دراصل یہ ہے کہ انسان نے اپنے خالق کو بھلا دیا ہے، مہنگائی، بیروزگاری اور مالی بحران بھی اضطراب کا باعث ہے

مختلف سیاسی وسماجی اہم شخصیات کے علاوہ مختلف مذاہب وطبقات فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی کانفرنس میں شمولیت

Chivonne McDonogh ممبر آف پارلیمنٹ، Justine Greening، کمیونٹی اور لوکل گورنمنٹ کی شیڈو وزیر، Chris Grayling ممبر پارلیمنٹ اور شیڈو وزیر داخلہ ، Baroness Emma Nicholson کی تقاریر اور جماعت احمدیہ کی امن پسندی اور نہ صرف معاشرہ میں بلکہ تمام دنیا میں امن کے قیام اور بنی نوع انسان کی بہبودی کے لئے کی جانے والی خدمات پر خراج تحسین

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز خطاب

رپورٹ: مکرمہ حامدہ سنوری فاروقی صاحبہ لندن

مورخہ 21/مارچ 2009ء بروز ہفتہ بیت الفتوح کے طاہر ہال میں ایک پیس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے شمولیت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ بعد میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب سے نوازا۔ اس کانفرنس کی مختصر رپورٹ ہدیۂ قارئین ہے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ سورۃ الحجرات کی آیات 11 تا 14 تلاوت کی گئیں۔

امیر صاحب یو۔کے کا خطاب

پہلی تقریر مکرم رفیق احمد صاحب حیات امیر جماعت برطانیہ کی تھی۔ انہوں نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور بتایا کہ آج کی تقریب کا مقصد آج کی پریشان حال دنیا میں امن کی تدابیر پر غور کرنا ہے۔ انہوں نے سب سے پہلے جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ کا قیام 1889ء میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی نے قادیان میں فرمایا تھا، جو کہ ہندوستان کا ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔ آپ نے خدا تعالیٰ سے علم پا کر یہ فرمایا کہ آپ ہی وہ مسیح موعود اور مصلح ہیں جن کا آنا تمام مذاہب میں بطور پیشگوئی موجود تھا۔ آپ نے اپنے آنے کی غرض یہ بیان فرمائی کہ دنیا کو امن اور برادرانہ یکجہتی کے ساتھ تحفظ اور دین حق کی عالمگیر تعلیمات سے رُوشناس کروایا جائے۔ اس جماعت کے ماننے والے یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ دنیا کے دلوں کو اپنے احسن نمونہ اور تبادلۂ خیال کے ساتھ مضبوط دلائل دے کر اور دین حق کی حسین تعلیمات سے قائل کر کے ہی جیتا جا سکتا ہے۔ جماعت کے افراد اپنے آپ کو خدمت مخلوق خدا میں اکثر مصروف رکھتے ہیں۔ اس وقت دنیا میں 55 ہسپتال، 15 کالج، 350 سکول اور بیشمار ڈسپنسریاں اور کلینک دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔ بے شمار اساتذہ، ڈاکٹرز اور نرسیں اور رضا کار بغیر رنگ ونسل کی تمیز کے انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔ ہیومینٹی فرسٹ جماعت کا ایک فلاحی ادارہ ہے جو دنیا میں جہاں بھی مصائب ہوں خدمات انجام دیتا ہے۔ بوسنیا، انڈونیشیا، پاکستان، سری لنکا غرض جہاں بھی ضرورت پڑی یہ امداد کے لئے پہنچے ہیں۔

حضور انور کی ہدایات کی روشنی میں جماعت کے رضا کار غریب ممالک میں بجلی، پانی اور صاف رہن سہن مہیا کرنے کے منصوبوں پر دور دراز کے علاقوں میں کام کر رہے ہیں۔ جماعت احمدیہ کا ٹیلی ویژن سٹیشن چوبیس گھنٹے کے پروگرام نشر کرتا ہے جن کو ساری دنیا میں دیکھا اور سنا جاتا ہے۔ اس ذریعہ سے نہ صرف زبانیں سکھائی جاتی ہیں بلکہ اعلیٰ اخلاقی، تربیتی اور مذہبی پروگرام پیش کئے جاتے ہیں۔ نہایت چھوٹی ابتداء سے اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کی شاخیں دنیا کے 190 ممالک میں قائم ہو چکی ہیں۔ جماعت کا نصب العین جس کے تحت تمام احمدی زندگی گزارنے کی کوشش کرتے ہیں وہ ہے ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں''۔

Chivonne McDonogh کی تقریر

مکرم امیر صاحب یوکے کی اس مختصر تقریر کے بعد Chivonne McDonogh ممبر آف پارلیمنٹ نے تقریر کی۔ یہ مورڈن کے علاقہ کی نمائندہ ہیں جہاں بیت الفتوح واقع ہے۔ انہوں نے اپنا سیاسی کیریئر مرٹن کے علاقہ Colliers Wood سے بطور کونسلر شروع کیا تھا۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں بہت سی کمیٹیوں میں خدمات انجام دی ہیں۔

Chivonne McDonogh نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مَیں یہ سمجھتی ہوں کہ (دین حق) صرف ایک مذہب ہی نہیں بلکہ ایک طریق زندگی ہے۔ (دین حق) کے ذریعہ اس کے ماننے والے اپنے خالق کی پہچان کرنے کے علاوہ ایک مکمل ضابطہ حیات پا لیتے ہیں۔ جب آپ (دینی) تعلیمات اور اقدار کو دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ مذہب نہ صرف مساوی حقوق، بے نفس اور بے لوث قربانی اور خدمت، معاشرہ میں انصاف اور ہر فرد کو احساس ذمہ داری کی تعلیم دیتا ہے جو کہ بہت ہی قابل تعریف قدریں ہیں بلکہ اس کے ساتھ ہی ان اقدار پر عمل پیرا ہونا ضروری اور قابل جزا قرار دیتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ مَیں اس بات پر یقین رکھتی ہوں کہ یہ کافی نہیں ہے کہ ان اعلیٰ اقدار کو لفظوں میں بیان کیا جائے مگر پھر اُس پر عمل کر کے نہ دکھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سچ اور انصاف دینی تعلیم کی دو بنیادی اینٹیں ہیں اور یہ دونوں اقدار برطانوی قانون کی بھی بنیاد سمجھی جاتی ہیں۔ ایک قوم کی حیثیت سے ہم مسلسل کوشاں رہے ہیں کہ مساوی حقوق اور معاشرہ میں انصاف ہر شخص کو حاصل ہوں خواہ ان کا تعلق کسی بھی رنگ ونسل سے ہو۔ اس کا ثبوت ان قوانین سے ملتا ہے جو مختلف ترمیمات کے تحت ملک کے قوانین میں ہمیں نظر آ رہا ہے۔ مثلاً مرد، عورت کے مساوی حقوق کا قانون، نسلی تعصب (Race Relation) سے دور رہنے کے قانون، مساوی روزگار کے مواقع مہیا ہونے کا قانون۔ مگر انہوں نے کہا کہ بعض دفعہ ہم خود ان اعلیٰ معیاروں کو قائم کرنے میں ناکام رہتے ہیں جن کی ہمیں تمنا ہے۔ مگر یہ کوئی بہانہ نہیں ہونا چاہئے۔ مساوی حقوق اور انصاف آپ کے مذہب کی تعلیم بھی ہے اور برطانیہ کے قوانین کا حصہ بھی۔ عملی اظہار گو اس کا یہ ہونا چاہئے کہ روزگار کے مساوی مواقع سب کو حاصل ہوں۔ اور جی ہاں! اس میں سیاسی مواقع بھی شامل ہیں۔ یہ برطانوی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو تمام مساوی حقوق مہیا کرے اور باعزت مقام عطا کرے۔

مگر جب ہم حقوق کی بات کرتے ہیں تو ہمیں ان ذمہ داریوں کی بات بھی کرنی ہوگی جو ایک دوسرے کے معاملات میں اور معاشرہ کے حق میں ہم پر عائد ہوتی ہیں۔ اس سے مراد ہے کہ تمام افراد سوسائٹی کے متحرک ممبر ہوں اور ذمہ داریاں اٹھانے والے ہوں۔ جیسا کہ ہم حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ملک میں امن و امان اور شہریوں کے لئے انصاف قائم کرے گی اسی طرح ہم پر بھی ذمہ داری ہے کہ ہم معاشرہ میں امن وامان قائم رکھنے والے ہوں۔ میرے خیال میں یہاں موجود سب لوگ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ آپ کی جماعت نے اس سلسلہ میں بہترین مثالی نمونہ قائم کر کے دکھایا ہے۔ آپ نے وقت اور روپیہ کی قربانی کر کے لوکل سوسائٹی میں ایک بہت اچھا مقام پیدا کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ میرے لئے یہ اعزاز کا باعث ہے کہ مَیں گواہ بن گئی ہوں اس وفا شعاری کی جس کا مظاہرہ آپ کی اعلیٰ اقدار سے ہوتا ہے اور منصفانہ عمل کے لئے اپنے مذہبی معاملات میں بھی اور یہاں برطانوی سوسائٹی

میں اپنے اردگرد کے ماحول میں بھی۔

Justine Greening کی تقریر

اس تقریر کے بعد محترمہ Justine Greening نے تقریر کی۔ جسٹن صاحبہ پٹنی کے علاقہ سے مئی 2005ء میں پارلیمنٹ کی ممبر منتخب ہوئیں۔ اپنے انتخاب کے فوراً بعد انہیں کنزرویٹو پارٹی کی نائب قائد مقرر کیا گیا جن کی خاص ذمہ داری نوجوانوں کے مسائل تھے۔ اس کے بعد وہ ملازمت اور پنشن کمیٹی کی ممبر رہیں اور حزب اختلاف کی طرف سے Shadow وزیر برائے خزانہ رہیں۔ اس وقت وہ کمیونٹی اور لوکل گورنمنٹ کے محکمہ کی شیڈو وزیر ہیں۔ اس وقت وہ پارلیمنٹ کی سب سے کم عمر خاتون ممبر بھی ہیں۔ جسٹین صاحبہ جماعت احمدیہ کے ساتھ اچھے تعلقات رکھتی ہیں اور اکتوبر 2008ء میں انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے اعزاز میں ہاؤسز آف پارلیمنٹ میں ایک تقریب منعقد کی تھی۔

Justine Greening نے اپنی تقریر میں خوشی کا اظہار کیا کہ وہ آج کے اس اجلاس میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم میں سے کئی افراد ہر سال امن کے قیام کے اس جلسہ میں شریک ہوتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ بیت میں آکر اکٹھے ہو کر تبادلۂ خیال کا موقع ہمارے لئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوسائٹی میں خواہ کتنے بھی گروہ ہوں سوسائٹی بہرحال ایک اکائی کی حیثیت رکھتی ہے۔ دنیا کی بے چینیوں پر جب نظر ڈالیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ امن کے قیام کے لئے یہ چیزیں نہایت ضروری ہیں۔ افہام و تفہیم، رواداری اور لحاظ ملاحظہ۔ ان چیزوں پر زور دینا جو ہم سب میں مشترک اقدار ہیں جبکہ آج کی دنیا میں اکثر یہ نظر آتا ہے کہ لوگ ان نظریات پر زیادہ زور دیتے ہیں جن میں اختلاف ہو۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوامل جو ہمیں متحد کرنے والے ہوں وہ معاشرہ کی بنیادی اینٹیں ہیں اور سوسائٹی میں یکجہتی کا موجب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مَیں جماعت احمدیہ کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ میرے حلقۂ انتخاب میں جماعت موجود ہے۔ صرف اس لئے نہیں کہ جو خدمات یہ ہمارے علاقہ میں معاشرہ کی کر رہے ہیں بلکہ جو خدمات یہ ساری دنیا میں کر رہے ہیں۔ یہ میرے لئے بہت بڑا اعزاز تھا کہ جماعت کی پارلیمنٹ میں دعوت دینے کی سعادت مجھے ملی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ ہمیں میزبانی کا شرف حاصل ہوا کیونکہ جماعت ان تھک محنت کرتی ہے تاکہ سوسائٹی میں بسنے والے متفرق گروہ آپس میں اتحاد قائم کریں۔ انہوں نے کہا کہ مَیں سمجھتی ہوں کہ ہمارا فرض ہے کہ ہم جماعت کو پارلیمنٹ سے متعارف کروائیں تاکہ پارلیمنٹ کے جو ممبر ایسے ہیں کہ انہیں جماعت سے رابطے کا موقع نہیں ملا وہ بھی جماعت کے اس قیمتی پیغام کو سن سکیں جو آج دنیا کے اضطراب کو دور کرنے کے لئے نہایت ضروری عوامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے لئے اپنے حلقہ انتخاب میں رہنے والوں کی نمائندگی کرنا خوشی اور فخر کا باعث ہے اور ان لوگوں میں جماعت احمدیہ کا شمار بھی ہوتا ہے۔

Chris Grayling کی تقریر

اگلے مقرر جناب Chris Grayling ممبر آف پارلیمنٹ تھے جو Ewell اور Epsom کے حلقۂ انتخاب سے 2001ء میں پارلیمانی ممبر منتخب ہوئے تھے۔

انہوں نے مختلف حیثیتوں سے خدمات سرانجام دیں۔ شیڈو لیڈر، ہاؤس آف کامنز رہے ہیں۔ شیڈو وزیر برائے ٹرانسپورٹ اور پنشن بھی رہے ہیں۔ اس سال جنوری میں ان کا تقرر شیڈو وزیر داخلہ کا ہوا۔

Chris Grayling نے حضور انور کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ میرے لئے بہت خوشی اور اعزاز کا باعث ہے کہ آج کی اہم تقریب میں آپ کے ساتھ مَیں شامل ہو رہا ہوں۔ آپ اور آپ کی جماعت کے افراد قیام امن کے لئے جو کوششیں کر رہے ہیں یہاں برطانیہ میں اور بین الاقوامی سطح پر بھی ہم بھی آپ کی ان خواہشات میں شریک ہیں۔

انہوں نے کہا کہ مَیں اپنے پارٹی کے لیڈر جناب ڈیوڈ کیمرون اور پارلیمنٹ کے اپنے دیگر ساتھیوں کی طرف سے نیک خواہشات لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اور امید کرتا ہوں کہ آج کے اجلاس سے بین المذاہب ہم آہنگی کی آپ کی کوششوں میں مزید ترقی ملے گی۔ میرے لئے آج اس بیت میں آنا خوشی کا باعث ہے۔ مَیں نے اپنے سیاسی کیریئر کا آغاز مرٹن (Merton) کے علاقہ سے کیا تھا اور مَیں اس علاقہ کا کونسلر بنا تھا۔ مجھے اس بیت کی تعمیر کے لئے جو کام ہوئے ان تمام کاوشوں اور محنتوں کو دیکھنے کا موقع ملا اور وہ مجھے بخوبی یاد ہیں۔

2003ء میں جب اس کا افتتاح ہوا اس وقت سے یہ بیت علاقہ میں ایک پہچان کی صورت اختیار کر گئی ہے جو نہ صرف عبادت کا مرکز ہے بلکہ معاشرہ کے لئے تبادلۂ خیال اور یکجہتی پیدا کرنے کا مرکز بھی ہے۔ آپ کی جماعت مجھے خاص طور پر متاثر کرتی ہے۔ اس وجہ سے کہ آپ نے تنگ نظری کی تعلیم کے برعکس اعلیٰ ظرفی کا جو طریق اپنایا ہوا ہے اور دوسروں کو اپنے ساتھ شامل کر کے جس طرح اپنے اردگرد میں بسنے والوں کو شمولیت کی دعوت دیتے ہیں اور تفریق یا گروہ بندی نہیں کرتے۔ آپ کے ممبر دنیا بھر میں فلاحی کام کرتے ہیں اور یہاں برطانیہ میں بھی خدمات میں حصہ لیتے ہیں۔ مَیں آپ کے کاموں سے بہت متاثر ہوں۔ جو خدمات آپ کی جماعت نے فلاحی اداروں کی بھی کی ہیں مثلاً Save the Children Fund اور Great Ormond Street بچوں کے ہسپتال اور کینسر ریسرچ یو کے کے لئے۔ گزشتہ دس سال میں آپ نے دس لاکھ پاؤنڈ سے زیادہ چندہ جمع کر کے ان فلاحی اداروں کو دیا ہے۔ بے گھر افراد کی مدد اور دیکھ بھال کے لئے بھی آپ کے ممبرز جو خدمات کر رہے ہیں وہ بھی قابل ستائش ہیں۔ یکجہتی کی روح پیدا کرنے کے لئے یہ سب چیزیں ضروری ہیں۔ میراتھن واک بھی جو آپ کرواتے ہیں وہاں بھی بہت اچھے اخلاق کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ ایک اور چیز جو آپ کی جماعت میں ہم نے قابل تحسین دیکھی ہے وہ نوجوانوں کے ساتھ منظّم کام ہیں۔ آج کی دنیا میں جو سب سے بڑے مسائل درپیش ہیں ان میں سے ایک نوجوانوں کو مثبت کاموں میں محرّک کرنا ہے۔ کثرت سے دیکھنے میں آتا ہے کہ نوجوان محسوس کرتے ہیں کہ ان کا اپنے اردگرد کے معاشرہ میں کوئی حصہ نہیں ہے اور نہ اپنائیت کا احساس۔ اس کا نتیجہ مختلف شکلوں میں رونما ہوتا ہے مثلاً بداخلاقی اور بدخُلقی، انتہاپسندی اور منشیات کا استعمال۔ نوجوانوں کو نشوونما میں مدد دینا تاکہ پیشہ وارانہ صلاحیتیں اجاگر ہوں اور زندگی میں امید افزا سمت کا تعین ہو یہ وہ اجزا ہیں جو نوجوانوں کو عطا کرنا غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ آپ کی جماعت اس شعبہ میں جس تنظیم سے کام کرتی ہے وہ واقعی بنیادی اہمیت کا کام ہے۔

انہوں نے کہا کہ مَیں اور میرے ساتھی آپ کی جماعت سے ان خوشگوار تعلقات کو بہت اہم سمجھتے ہیں۔ ہم زندگی کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے گروہوں سے تعلقات کو اہمیت دیتے ہیں اور مضبوط تعلقات استوار کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے کئی ساتھیوں کے ساتھ آپ کے اچھے مراسم ہیں اور یہ ہم سب کے لئے خوشی کا باعث ہے۔

اپنے بارہ میں انہوں نے کہا کہ مَیں جنوری میں شیڈو وزیر داخلہ بنایا گیا تھا۔ اور میرے لئے یہ کام اہمیت کا حامل ہے کہ تمام مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے بخوبی واقفیت حاصل کروں۔ نہ صرف قومی سطح پر بلکہ مَیں خود Ewell اور Epsom کے علاقہ کا نمائندہ ممبر آف پارلیمنٹ بھی ہوں۔ قریب کے زمانہ میں میری اس علاقہ میں رہنے والے احمدیوں سے ایک تقریب پر ملاقات ہوئی اور بہت اچھا تبادلۂ خیال بھی ہوا۔

آج کی سوسائٹی جس میں مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے لوگ بستے ہیں ہمارے لئے ضروری ہے کہ افہام و تفہیم کی فضا کو قائم کریں۔ آپ کی جماعت انتہا پسندی کے خطرات کو بخوبی سمجھتی ہے کہ اس سے کس قدر تکلیف دہ صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ ہم انتہا پسندی کے رجحانات کو اعتدال پسندی کی طرف کھینچ لائیں اور جو انتہا پسندی کی طرف مائل ہوتے نظر آئیں ان کے خیالات کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں۔

انہوں نے کہا کہ شیڈو وزیر داخلہ ہونے کی حیثیت سے میرے لئے بہت ضروری ہے کہ مَیں تمام لوگوں کو اچھی طرح سمجھ سکوں۔ اور اس چیز کو بھی سمجھ سکوں کہ کون سے عوامل ہیں جو لوگوں کو انتہا پسندی کی طرف لے جاتے ہیں اور جو خطرات مومنوں کے ایک چھوٹے سے طبقہ کی طرف سے انتہا پسندی کے نتیجہ میں درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کا رجحان صرف مومنوں کے بعض حلقوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ انتہا پسندی اور بھی کئی حصوں میں دیکھی جا رہی ہے۔ جیسا کہ یہاں یورپ کی سیاست میں بھی دائیں طرف سے انتہا پسند ہیں جنہیں Extremist Right کہا جاتا ہے۔ خوش قسمتی سے یہاں برطانیہ میں اس قسم کا رجحان رکھنے والوں کی تعداد بہت کم ہے اور ہم سب سیاسی پارٹیوں کی کوشش ہے کہ اس کی تعداد بڑھنے نہ پائے۔ ایک اور انتہا پسندی کا رجحان قومیت کے بارہ میں ہے۔ اس کا ایک عملی مظاہرہ بدقسمتی سے حال ہی میں شمالی آئرلینڈ میں دیکھنے میں آیا اور دنیا کے بعض دوسرے حصوں میں وقتاً فوقتاً سر اٹھاتا ہے۔ اس وجہ سے آج کا جلسہ جو آپ نے کیا ہے اس قسم کے اجلاسوں کی بہت بڑی اہمیت ہے اور جو لوگ قیام امن کی کوششیں کرتے ہیں ان کا کردار بھی بہت اہمیت کا حامل ہے۔ انتہا پسندی کا ازالہ طاقت کے بل بوتے پر نہیں کیا جا سکتا۔ ہمیں لوگوں کو باور کروانا پڑے گا کہ ایک اور سمت ہمارے لئے موجود ہے جو افہام و تفہیم اور رواداری کا بہتر راستہ ہے اور ایک دوسرے کے جذبات کا احترام پیدا کرنے کا بھی۔ ہمیں ان اقدار کو پروان چڑھانے کے لئے متحد ہو کر کھڑے ہونا ہوگا اور ان اقدار کا فلک شگاف نعرہ ساری دنیا میں بلند کرنا ہوگا۔

انہوں نے حضور انور کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان ہی وجوہات کی بنا پر آپ کی ان کوششوں کو مَیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم معاشرہ میں امن و آشتی کے قیام کی کوششیں کریں اور معاشرہ میں تفریق پیدا کرنے کے خیالات کو دور کریں۔ نہ صرف قومی سطح پر بلکہ ساری دنیا میں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم دنیا میں متحد ہو کر انتہا پسندی اور مذہبی نارواداری اور ظلم کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہو جائیں۔ میرے خیال میں تو تمام مذاہب کا یہ ہی دستور العمل ہے اور ہونا چاہئے۔

ہمارا نصب العین یہ ہونا چاہئے کہ ہم ایسے معاشرہ کا قیام کریں جس میں مومن، یہودی، ہندو، عیسائی اور دوسرے عقائد کے لوگ مل جُل کر امن و آشتی اور رواداری کے ساتھ صلح جوئی سے رہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مَیں امید کرتا ہوں کہ آج کی یہ تقریب اور آپ کی اس سلسلہ میں کاوشیں ایک اہم سنگ میل کی طرح کام آئیں گی اور یہ ہمارے نصب العین کے حصول کے لئے اہم ثابت ہوگا۔

Baroness Emma Nicholson کی تقریر

اگلی تقریر محترمہ Baroness Emma Nicholson کی تھی۔ محترمہ ایما نکلسن بہت ممتاز

سیاسی رہنما ہیں۔ ہاؤس آف لارڈز کی ممبر ہیں اور لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کی سینئر رہنما ہیں۔ یورپین پارلیمنٹ کی ممبر بھی ہیں۔ 1991ء میں انہوں نے ایک فلاحی ادارے کی بنیاد رکھی جو بے گھر ریفیوجیز کی مدد کرتا ہے 2002ء میں ان کا تقرر بین الاقوامی صحت کے ادارہ WHO کی طرف سے نمائندہ کے طور پر ہوا جن کا مخصوص دائرہ عمل، حفظان صحت، قیام امن اور تعمیرات کے شعبہ جات ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ یورپین پارلیمنٹ کی کمیٹی برائے امور خارجہ کی نائب صدر ہیں اور نمائندہ کمیٹی برائے ایرانی تعلقات کی بھی ممبر ہیں۔ اس کے علاوہ وہ تقریباً پچاس تنظیموں کی اعزازی ممبر بھی ہیں۔ یہ مساوی انسانی حقوق کی پُر جوش علمبردار ہیں اور جماعت احمدیہ سے ان کے بہت اچھے مراسم ہیں۔

محترمہ ایما نکلسن صاحبہ نے اپنی تقریر کا آغاز حضور انور اور تمام معزز حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ جماعت احمدیہ کی مہمان نوازی ایک بہت ہی خوشکن تجربہ ہے۔ مومنوں کی مہمان نوازی کا خُلق تو ہر جگہ دیکھنے میں آتا ہے مگر جماعت احمدیہ میں یہ خُلق ممتاز نوعیت کا ہے۔ آپ کا کھلے دلوں اور کھلے بازوؤں اور کھلے ذہنوں سے تمام طبقات کے لوگوں کو خوش آمدید کہنا خوشی کا باعث ہے۔ آج یہاں جن لوگوں کا اجتماع آپ نے کیا ہے اس میں تمام مختلف مذاہب کی نمائندگی ہے اور مذہب کو نہ ماننے والے بھی مدعو ہیں۔ ہر طبقۂ فکر کی نمائندگی ہو رہی ہے۔ ان سب کو جو چیز متحد کرتی ہے وہ مساوی انسانی حقوق کا تحفظ ہے جو آپ کا نصب العین ہے کہ تمام مرد و زن کو مساوی حقوق ملنے چاہئیں۔

آج کے اس اجتماع میں بہت سے سیاستدان بھی موجود ہیں۔ ہمارا جس پارٹی سے تعلق ہو ہمارا نصب العین بھی ان ہی اقدار کا حصول ہے۔ ہم میں سے ہر ایک سیاست میں اس غرض سے شامل ہوا ہے کہ ہم انسانوں کی خدمت کرنے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس لحاظ سے ہم میں اور آپ میں کیا فرق ہے؟ فرق یہ ہے کہ ہم آپ کے مہمان ہونے کی حیثیت سے یہاں نہایت آرام سے بیٹھے ہیں، تقریب سے خوب لطف اندوز ہو رہے ہیں مگر مجھے معلوم ہے کہ آپ کے ذہنوں کے پس منظر میں اور آپ کے دلوں کے اولین حصوں میں درد کی لہریں موجزن ہیں اُس احساس کی وجہ سے کہ اس وقت دنیا میں بعض ملکوں میں احمدی مردوں عورتوں اور بچوں پر محض ان کے مذہبی عقائد کی وجہ سے اس قدر شدید ظلم کئے جا رہے ہیں کہ ان مظالم کی بعض دفعہ تو انتہا ہو جاتی ہے جس کے نتیجہ میں ان سے زندہ رہنے کا حق چھین لیا جاتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہم میں سے بہت سے افراد نے میدان سیاست میں صرف اس وجہ سے حصہ لیا ہے کہ ہمارے دلوں میں تعصب کے خلاف شدید ردّعمل ہے اور شدت سے ہم اس جذبہ کے علمبردار ہیں کہ ہر مرد اور عورت کو مذہبی آزادی کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ احمدیوں کو آئے دن ان تجربات کا سامنا ہے۔ پاکستان میں کچھ قوانین اس قسم کے لاگو کئے گئے ہیں جن کی وجہ سے احمدی کلیدی عہدوں پر فائز نہیں کئے جاتے۔ احمدی ووٹ نہیں دے سکتے بغیر اس کے کہ وہ اپنے عقیدہ سے لاتعلقی کا اظہار کریں۔ بلکہ حالات اس طرح کر دئے گئے ہیں کہ احمدیوں کے لئے جینا محال ہو جاتا ہے۔ اس طرز عمل کے آئینہ دار وہ ملک بھی بن جاتے ہیں جہاں اسی طریق کو اپنا لیا جاتا ہے۔ شاید ہی کوئی مہینہ بلکہ کوئی ہفتہ گزرتا ہوگا جب دنیا کے کسی نہ کسی حصہ سے مجھے دردناک اطلاعات نہ ملتی ہوں کہ کس طرح ظالمانہ طریقہ پر کسی احمدی کو گرفتار کر لیا گیا ہے زیادتی کا نشانہ بنایا گیا ہے یا کسی ملک سے بے دخل کر دیا گیا ہے۔ ہمارے معاشرہ میں اس قسم کی زیادتی اس قدر کم بلکہ شاذ ہی دیکھنے میں آتی ہے جس کی وجہ سے اکثر تو خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا دنیا میں وجود ہی نہیں ہے۔ مگر ہم سب جو آپ کی تکلیف کا احساس رکھتے ہیں، آپ سے ہمدردی رکھتے ہیں، آپ سے محبت رکھتے ہیں، آپ کی عزت کرتے ہیں اور آپ کے دکھ میں شریک ہیں۔ ہمیں احساس ہے کہ اس خوبصورت بیت میں تو نہیں مگر دنیا کے کسی اور حصہ میں خدا جانے کہ آج کی رات کسی احمدی پر کیسی گزرے گی اور یہ نہ ہو کہ اسے زندگی کی نعمت سے محروم کر دیا جائے۔ جس کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ اپنے مذہب پر کاربند ہے جو کہ ان کے باپ دادا اور اولاد کا مذہب ہے۔ یہ ایک انتہائی شرمناک صورتحال ہے اور ہم جو آپ سے ہمدردی رکھتے ہیں ضرور کوشش کرتے رہیں گے جہاں تک ہمارے اختیار میں ہے کہ ان مظالم کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب

اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حاضرین سے خطاب فرمایا۔

حضور انور نے تمام معزز مہمانوں کو مخاطب کر کے السلام علیکم کا تحفہ پیش کرنے کے بعد فرمایا:۔

آپ میں سے بہت سے حاضرین ہمارے اس قسم کے اجتماع میں پہلے شریک ہو چکے ہیں کیونکہ گزشتہ کچھ سالوں سے یہ سالانہ تقریب بن گئی ہے جہاں وہ افراد اکٹھے ہوتے ہیں جو دنیا میں رواداری، محبت اور قیامِ امن کے حامی ہیں۔ جو نئے شامل ہونے والے ہیں وہ ہم سے اتفاق کریں گے کہ محبت، انسانوں کے لئے شفقت اور پُر امن زندگی گزارنا ٹھوس انسانی قدریں ہیں جو ہمیں دیگر مخلوقات سے ممتاز کرتی ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ سب سے پہلے تو مَیں سب مہمانوں کا شکریہ ادا کروں گا کہ وہ ان احسن خیالات کی تجدید کرنے یہاں تشریف لائے ہیں، باوجود اس کے کہ انہیں دین کے بارہ میں بہت سے منفی خیالات سننے کو ملتے ہیں۔ جو آج پہلی بار تشریف لائے ہیں ان کے آنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ دین کی حقیقی تعلیمات کو جان سکیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ مَیں دعا کرتا ہوں کہ تمام انسانوں کو جو اعلیٰ صلاحیتیں عطا ہوئی ہیں یہاں ان کو موقع ملے گا کہ وہ ان ودیعت شدہ صلاحیتوں کو مزید چمکا کر یہاں سے جائیں۔ حضور نے فرمایا کہ ہم سب خواہش رکھتے ہیں کہ امن کا قیام ہو جائے۔ مَیں نے لفظ ’خواہش‘ ارادۃً استعمال کیا ہے کیونکہ اس تمنا کے باوجود ہم سب جو اس جگہ جمع ہیں ہم میں سے زیادہ تر افراد عملی طور پر اس سمت میں کوئی ٹھوس قدم اٹھانے میں کامیاب نہیں ہوتے۔ یہاں بعض ممبران پارلیمنٹ موجود ہیں مگر ان کے بارہ میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کی کوششیں سو فیصد قیام امن کے سلسلہ میں ثمر آور ہوتی ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ امن کے قیام کی تمنا تو ہے مگر عملی اقدامات کرنے کی قابلیت موجود نہیں۔ ہماری محدود طاقتیں ہمیں اختیار نہیں دیتیں کہ ہم دنیا میں ایسا جنت نظیر معاشرہ قائم کر سکیں اور صرف چند افراد کی طاقت سے یہ امر بالا ہے۔ اور کچھ دوسرے ایسے ہیں کہ حکومتیں ایسی پالیسیاں بنا لیتی ہیں کہ عملی اقدامات میں روک بن جاتی ہیں۔ اختلاف رائے کے باوجود، حکومت کی پالیسی یا ان کی پارٹی کی سیاست ان کے راستہ میں حائل ہو جاتی ہے۔ حضور نے فرمایا: مَیں ان کو الزام نہیں دیتا کیونکہ ان کیلئے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اس قسم کی پالیسیوں کی پابندی کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو لوگ ان قدغنوں سے آزاد ہیں وہ بعض دفعہ دوغلی پالیسی رکھتے ہیں اور اپنے مفادات کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ حکومتیں اچھے مقاصد کے حصول کے لئے کوششیں کرتی ہیں مگر صرف اُس حد تک جہاں تک ان کے اپنے مفادات حاصل ہو رہے ہوں۔ اگر ان کا اپنا مفاد اس چیز سے وابستہ نہ ہو تو پھر وہ یا تو کچھ مدد کر دیتے ہیں یا معذوری کا اظہار کر کے لاتعلق ہو جاتے ہیں۔ اگر ان کے مفاد کے منافی کوئی امر درپیش ہو تو پھر اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے وہ ہر ہر کوشش کر گزرتے ہیں خواہ اس طرح دوسروں کی حق تلفی ہی کیوں نہ ہوتی ہو۔

حضور نے فرمایا کہ یہ انسانی نفسیات ہے اس کا تعلق کسی بھی خاص ملک، قوم یا مذہب سے مخصوص نہیں ہے۔ اس قسم کے لوگ مشرق میں بھی پائے جاتے ہیں اور مغرب میں بھی۔ شمال میں بھی اور جنوب میں بھی۔ وہ (۔) میں بھی پائے جاتے ہیں اور عیسائیوں میں بھی اور دیگر مذاہب میں بھی اور مذاہب پر ایمان نہ رکھنے والوں میں بھی۔ اس زمانہ میں جبکہ نفسانفسی کا دور دورہ ہے اور مادہ پرستی زوروں پر ہے ذاتی مفادات پر زیادہ زور دیا جاتا ہے، انفرادی سطح پر بھی اور اجتماعی سطح پر بھی خواہ اس سلسلہ میں سچائی کو چھپانا ہی کیوں نہ پڑے۔ جہاں ملکی سطح پر یہ کارروائی کی جارہی ہو اگر یہ اُس ملک کے مفاد میں ہو اسے تو سیاست کا نام دیا جاتا ہے۔ بعض صورتوں میں کچھ ممالک مل کر گٹھ جوڑ کر لیتے ہیں اور اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے بین الاقوامی سطح پر سیاسی کارروائیوں کے ذریعہ اپنی طاقت مجتمع کر لیتے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ جب ایک ملک اپنے مفادات کو ترجیح دینا شروع کر دیتا ہے تو انصاف کا ترازو اعتدال پر نہیں رہتا اور بگڑ جاتا ہے۔ اس ملک کے سیاسی مفاد مادی اور اقتصادی فوائد حاصل کرنے کی طرف جھک جاتے ہیں۔ بہرطور یہ ایک ایسا گرداب ہے جس میں پھنسے ہوئے لوگ اپنی اَنا اور نفسانیت کے چکر سے نکل نہیں سکتے۔ انسان اشرف المخلوقات ہے اور عقل و ذہانت عطا ہونے کی وجہ سے جانوروں سے ممتاز ہے۔ اسے صلاحیت عطا کی گئی ہے کہ وہ سکون کی حالت میں بھی سوچنے کی قابلیت رکھتا ہے اور مغلوب الغضب ہونے کے وقت بھی۔ مگر عقل و سمجھ رکھنے کے باوجود اپنے مفادات کے حصول میں وہ ایک دوسرے کو حیوانوں کی طرح چبا ڈالتے ہیں۔ بدقسمتی سے مذہب پر یقین نہ رکھنے والے اس صورتحال کا الزام مذہب پر ڈالتے ہیں حالانکہ مذہب تو اعلیٰ اخلاق، رواداری اور تحمل کا سبق دیتا ہے۔

حضور نے فرمایا کہ کیونکہ مَیں (۔) کی نمائندگی میں بات کر رہا ہوں۔ مَیں (۔) تعلیمات کی روشنی میں موجودہ زمانہ کی صورتحال کے بارہ میں کچھ باتیں پیش کروں گا۔

حضور نے فرمایا کہ (۔) ہر سطح پر نفرتوں کو دور کرنے کے طریقوں سے آگاہی عطا فرماتا ہے۔ اگر ہم انفرادی سطح پر یا قومی سطح پر حالات کا جائزہ لیں تو یہ بات سامنے آجاتی ہے کہ انسان نے صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیا ہے۔ نتیجۃً لوگ ایک دوسرے سے بدظن ہو گئے ہیں۔ اچھے اخلاق کی جگہ برائیوں نے لے لی ہے اور حقدار کو اس کے حق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اس بارہ میں قرآن کریم سے ہمیں کیا ہدایت ملتی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو بھی نیکی تم آگے بھیجو تم اسے اللہ کے حضور پاؤ گے۔ یقیناً جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کا علم رکھتا ہے۔ ان اعمال کے بارہ میں حضور نے فرمایا کہ ان میں سے ایک کی نشاندہی میں یہاں کر دوں۔

سورۃ النحل آیت 127 میں اللہ تعالیٰ بدلہ لینے کے بارہ میں فرماتا ہے کہ ’’اگر تم سزا دو تو اتنی ہی دو جتنی تم پر زیادتی کی گئی تھی اور اگر تم صبر کرو تو یقیناً صبر کرنے والوں کے لئے یہ بہتر ہے‘‘۔ حضور نے فرمایا صبر ایک بہت بڑا خُلق ہے اور ہماری نظر میں بہت ہی اہمیت کا حامل اعلیٰ خُلق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ عام طور پر دنیا میں صبر کو بزدلی سمجھا جاتا ہے مگر یہ آیت کریمہ ہمیں بتاتی ہے کہ صبر کا بیان یہاں حالت جنگ میں بیان کیا گیا ہے۔ شاید یہ عجیب معلوم ہو کہ صبر اور جنگ ایک ساتھ بیان ہوئے ہیں کیونکہ اگر جنگی کارروائی کی اجازت ہو اور خون بہانا جائز ہو تو پھر صبر کا اس کے ساتھ کیا تعلق رہ جائے گا۔

حضور نے فرمایا خون بہانے کا ایک ہولناک

نظارہ چند دہائیاں پہلے اس مہذب سمجھی جانے والی دنیا کے سامنے تھا۔ دوسری جنگ عظیم میں ساٹھ سے ستّر ملین افراد اپنی جانیں کھو بیٹھے۔ جس میں اندازہ کیا جاتا ہے کہ چالیس ملین عام نہتے شہری تھے۔ افسوس کہ انسانوں نے صبر کا دامن ہاتھوں سے کھو دیا۔ مگر بے صبری کے باعث انسانی خون کی ندیاں بہادی گئیں اور پھر بھی انسان نے اپنے ہاتھوں کو خون سے رنگنے کے بعد اپنی غلطیوں سے سبق نہیں سیکھا۔ ایسی غلطیوں سے جنہوں نے انسانیت کو داغدار کر دیا۔ کچھ وقت ہی گزرنے کے بعد ان حقائق کو بھلا دیا گیا ہے۔

آج کا انسان ماضی کی ان درناک غلطیوں سے پھر سبق حاصل نہیں کر رہا۔ آج کے زمانہ میں (۔) ہونے کا دعویٰ رکھنے والے بھی خون بہا رہے اور وہ بھی خون بہا رہے ہیں جو قیام امن کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہیں کسی نہ کسی صورت میں خون بہایا جا رہا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے کہ صبر، حوصلہ اور انصاف کا مظاہرہ کرنا انسان کے لئے ازبس ضروری ہے۔ اس سے مراد ہے کہ اگر بدلہ لینا ہو، سزا دینی ہو تو سزا اسی قدر دینے کی اجازت ہے جتنا بڑا جرم کیا گیا ہو۔ اس بات کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے کہ اگر تمہاری حق تلفی ہوئی ہے یا تمہاری سرحدوں پر غیر قانونی حملہ کیا گیا ہے یا تمہاری معیشت پر جبراً قبضہ کر لیا گیا ہے تو تمہیں اجازت دی جاتی ہے کہ تم جوابی کارروائی کرو اور اپنے مددگاروں کو بھی مدد کے لئے شامل کر لو۔

ایک اور مقام پر قرآن کریم میں ہدایت دی گئی ہے کہ: اگر مومنوں میں سے دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرواؤ۔ پس اگر ان میں سے ایک دوسری کے خلاف سرکشی کرے تو جو زیادتی کر رہی ہے اس سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کی طرف لوٹ آئے۔ پس اگر وہ لوٹ آئے تو ان دونوں کے درمیان عدل سے صلح کرواؤ اور انصاف کرو یقیناً اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

(الحجرات:10)

حضور انور نے فرمایا کہ اگرچہ یہاں مومنوں کا ذکر ہے مگر سبق یہ دیا گیا ہے کہ جس سے زیادتی ہوئی ہے اس کی مدد کی جائے۔ تمام قوموں کی طاقت مجتمع کر کے ظالم کا ہاتھ روک دیا جائے اور جب لڑائی ختم ہو جائے تو کسی بھی صورت میں ہارے ہوئے فریق کی معیشت پر قابض مت ہو اور نہ ہی اس پر اپنے بنائے ہوئے قوانین ٹھونسو۔ اگر دوبارہ اس کی طرف سے خدشہ ہو کہ وہ زیادتی کرے گا تو اس صورت میں کچھ معاہدے کرنے چاہئیں کہ اگر ان معاہدوں کو توڑا گیا تو سخت نتائج ظاہر ہوں گے۔

حضور نے فرمایا کہ یہ صورتحال صرف تب ہی جنم لے سکتی ہے جب بڑے ممالک اور چھوٹے ممالک کو یکساں حیثیت حاصل ہو۔ صورتحال تو یہ ہے کہ اقوام متحدہ میں بھی بڑے ممالک اور چھوٹے ممالک میں تفریق کی جاتی ہے۔ اگر اقوام متحدہ انصاف کی اعلیٰ قدروں کا قیام چاہتی ہے تو اسے طاقتور اور کمزور قوموں کو یکساں حقوق دینے ہوں گے۔ چھوٹے ملکوں کی حالت تو ایک طرف، ترقی پذیر ممالک کو بھی Sanction عائد کر کے پابندیوں کی بیڑیاں پہنا دی جاتی ہیں۔ مثلاً جاپان نے دوسری جنگ عظیم کے بعد محنت کر کے قابل قدر ترقیات حاصل کیں مگر جاپانی لوگوں سے بات چیت کر کے جن میں سے بعض سے مجھے ملاقات کا موقع ملا جو تاثر مجھے ملتا ہے۔ بعض باتیں تو وہ کھل کر کہتے ہیں اور بعض کا دبے لفظوں میں اظہار ہوتا ہے کہ باوجود آزادی حاصل ہونے کے ان پر اس قسم کی پابندیاں عائد ہیں کہ وہ کھل کر اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکتے۔ خواہ وہ قیام امن کے بارہ میں ان کے خیالات ہوں یا اقتصادی پالیسیوں کے بارہ میں۔

حضور نے فرمایا: اقوام متحدہ کا قیام امن قائم کرنے کے لئے ہوا تھا مگر جہاں بھی دنیا میں تصادم ہوا ہے وہ معیار اقوام متحدہ کی کارروائیوں میں حاصل نہیں ہوا جس کی توقع اتنے عظیم ادارہ سے وابستہ تھی۔

حضور نے تنبیہ فرمائی کہ یہی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے دنیا ایک بار پھر بڑی تیزی سے عالمی جنگ کی ہولناکیوں کی طرف بڑھ رہی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ اگر تم انصاف کا قیام چاہتے ہو تو دیانتداری سے جھگڑوں کا حل تلاش کرنا ہوگا۔ عدل سے مراد کامل انصاف ہے اور یہ تب ہی ممکن ہے کہ جب تمہارے دل تعصّبات سے مکمل طور پر پاک ہوں۔ اگر ہم آج کی دنیا کا جائزہ لیں تو ہمیں عدل کہیں نظر نہیں آتا۔ اگر انصاف کے ان اعلیٰ معیاروں کو قائم نہ کیا گیا تو پھر اس کا خطرناک نتیجہ ظاہر ہوگا اور دشمنی کی چنگاریاں ہوا پکڑتی جائیں گی اور اس قدر خوفناک تباہی کا اندیشہ ہے کہ جس کے تصور سے بھی رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔

حضور نے فرمایا کہ قرآن کریم اس سلسلہ میں ہدایت دیتا ہے: ’’اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو۔ یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو یقیناً اللہ تعالیٰ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔‘‘ (سورۃ المائدہ آیت 9)

اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ دیکھا جائے کہ آیا لوگ انصاف کی تائید میں گواہ بننے کو تیار ہیں؟ اگر ہم اس سمت میں نگاہ دوڑائیں تو ہمیں فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کی کوئی مثال نہیں ملتی بلکہ نظر آتا ہے کہ ذاتی مفادات نے اس طرح گھیرا ڈالا ہوا ہے کہ انصاف کا تو سایہ بھی نظر نہیں آتا، مفادات کی ہی دوڑ نظر آتی ہے۔ قوموں کی بعض قوموں سے جو دشمنی ظاہری طور پر نظر آتی ہے اس کو ایک طرف رکھ کر بھی دیکھا جائے تو سیاسی، جغرافیائی یا اقتصادی حالات کو دیکھتے ہوئے بعض بڑی طاقتوں نے محض لالچ کی وجہ سے ان پر اپنا تسلط قائم کرنے کی کوشش کی ہے تا کہ انہیں اپنے مفادات حاصل ہو سکیں۔ نتیجۃً نئے دھڑے بننے شروع ہو گئے ہیں۔

حضور نے انتباہ فرمایا کہ دنیا کے اس اضطراب کی وجہ دراصل یہ ہے کہ انسان نے اپنے خالق کو بھلا دیا ہے۔ مادی دولتوں کی خواہش، دنیا میں ناموری کی ہوس اور اپنا رعب قائم کرنے کا شوق دنیا کو اندھا کرتا جا رہا ہے۔ اسی وجہ سے کوئی خدا تعالیٰ کی طرف سے آمدہ ہدایات کو کوئی وقعت نہیں دیتا۔ اور جب خدا تعالیٰ کی طرف سے دی گئی ہدایت کی پیروی نہ کی جائے تو پھر انسان دوسروں کے صرف اتنے حقوق ادا کرتا ہے جہاں اس کو اپنے فوائد نظر آ رہے ہوں۔ ان کی ہمدردی کا اظہار خالی زبان سے ادا کئے گئے کھوکھلے لفظ ہوتے ہیں۔ وہ ٹھوس اقدامات جن کی ضرورت ہے ان کی طرف کوئی پیشرفت آج کی دنیا میں نہیں ہو رہی۔ اس بے حسی کے نتائج بہرحال ناخوشگوار ہوں گے۔ ہم کتنا ہی اپنی آنکھوں پر پٹیاں باندھیں ہم ہولناک نظارے دیکھنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

حضور نے فرمایا کہ دوسری جنگ عظیم میں ایشیا میں بھی اور یورپ میں بھی مختلف ممالک تھے جن کا آپس میں تصادم ہوا تھا مگر بالآخر نتیجہ یہ نکلا کہ طاقت کے دو دھڑوں میں جنگ چھڑ گئی۔ لیگ آف نیشنز بے بس ہو گئی۔ آج کی دنیا میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ مشرق وسطی میں خاص طور پر اسرائیل میں، فلسطین میں، شام میں اور لبنان میں دشمنیاں بڑھتی جاتی ہیں۔ ایران کے خلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں اور جواباً ایران، اسرائیل اور مغربی دنیا کے خلاف دھمکیاں جاری کر رہا ہے۔ کچھ ایسے ممالک ہیں جہاں کا اضطراب ان کی داخلی وجوہات اور طاقت کے حصول کے لئے تصادم اور سیاسی وجوہات ہیں جیسا کہ عراق، افغانستان اور پاکستان ہیں۔ اور بعض دوسرے ممالک ہیں جہاں بیرونی طاقتوں کی مداخلت کے نتیجہ میں تصادم ہے جیسا کہ جارجیا اور پولینڈ کی مثال ہے۔ ان ملکوں میں جو کچھ ہو رہا ہے اسے مذہبی جنگ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ جب داخلی جنگ یعنی Civil War ممالک میں شروع ہوتی ہے جیسا کہ افغانستان اور عراق کا حال ہے تو وہاں طاقت کے حصول کے لئے لڑائیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ ان ممالک کے اہم جغرافیائی محل وقوع کے پیش نظر بعض طاقتور ممالک وہاں اپنے مفادات کی خاطر مداخلت شروع کر دیتے ہیں اور ان کے قدرتی وسائل پر قبضہ کرنے کی کارروائیاں شروع کر دیتے ہیں۔ وہاں کے سیاستدانوں کو خرید کر یا مالی امداد دے کر اختیارات کو اپنے قابو میں کر لیا جاتا ہے۔ صورتحال جو بھی شکل اختیار کرے ان ممالک میں یہ جذبات پائے جاتے ہیں کہ اقوام متحدہ کے ذریعہ جو وعدے ملکوں سے کئے گئے تھے کہ انہیں آزادی، خودمختاری اور تحفظ حاصل ہوگا وہ انہیں نہیں دیا گیا۔ بڑی طاقتوں اور اقوام متحدہ دونوں کی طرف سے یہی صورتحال ہے۔ اس وجہ سے بے چینی بڑھتی جا رہی ہے اور ہم صورتحال سے آنکھیں بند کر کے نہیں بیٹھ سکتے۔

حضور نے فرمایا کہ جنگ عظیم دوم کے چھڑنے کی وجہ اسی قسم کی بے چینیاں اور چھوٹی جنگیں تھیں۔

ایک اور چیز جو بے چینی اور اضطراب کا باعث بن رہی ہے وہ دنیا میں بڑھتا ہوا مالی بحران ہے۔ اور مہنگائی اور بیروزگاری میں اضافہ ہے۔ تاریخ کے مطالعہ سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ 1929ء میں بھی اسی قسم کا شدید مالی بحران پیدا ہو گیا تھا۔ آج پھر دنیا اسی قسم کی پریشان حالی سے گزر رہی ہے۔ اُس وقت بحران امریکہ سے شروع ہوا تھا جب اسٹاک مارکیٹ گر کر تباہ ہو گئی تھی۔ اب پھر جو بحران ساری دنیا میں پیدا ہوا ہے اس کی جڑیں امریکی معیشت کے ساتھ منسلک ہیں۔ حال ہی میں سوئٹزرلینڈ میں جو مالی کانفرنس (Economic Forum) منعقد کی گئی تھی وہاں چین اور روس دونوں نے موجودہ بحران کا ذمہ دار امریکہ کو ٹھہرایا۔ 1929ء میں دنیا کے تمام ممالک کو مالی بحران کا سامنا کرنا پڑا تھا اور آج کا مالی بحران اس سے مختلف نہیں ہے۔

بین الاقوامی تجارت اُس وقت سخت متأثر ہوئی تھی اور آج بھی وہی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ ٹیکس اور دیگر حکومتی ذرائع آمد بُری طرح متأثر ہوئے تھے وہی صورتحال موجودہ بحران میں بھی نظر آ رہی ہے۔ 1929ء میں کارخانوں کی صنعت کو شدید نقصان پہنچا تھا وہی صورت آج بھی پیدا ہو گئی ہے۔ حال ہی میں اعلان کیا گیا ہے کہ موٹروں کی صنعت میں پچاس فیصد کمی آ گئی ہے۔ یہ تو صرف ایک مثال ہے باقی تمام صنعتوں کو بھی یہی صورتحال ہے۔ مکانوں کی تعمیر کو بھی اس زمانہ میں ایسا ہی نقصان ہوا تھا جیسا کہ اب ہو رہا ہے۔ لوگ مکان خریدنے کے واسطے قرضے ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتے تھے جس کی وجہ سے رہائشی مکان چھن جاتے ہیں۔ آئندہ کی بڑھوتی کے خیال سے بہت بڑی رقوم تعمیرات پر لگائی گئی تھیں مگر یہ تجارت بدحالی کا شکار ہو گئی ہے۔ نئے بنے ہوئے مکان، امریکہ میں، یہاں برطانیہ میں اور دنیا کے دوسرے ممالک میں خریداروں کے پاس پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے خالی پڑے ہیں۔ تعمیرات آدھے راستہ میں روک دی گئی ہیں۔ اسی قسم کے حالات دوسرے کاروباروں میں بھی دیکھنے میں آ رہے ہیں۔ لوگوں کی ملازمتیں لاکھوں کے حساب سے ختم ہو گئی ہیں اور وہ ملکی خزانوں پر بوجھ بن گئے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں دنیا ایک بہت ہی خطرناک دور سے گزر رہی ہے۔ مبصرین کا خیال ہے کہ اسی قسم کا بحران 1929ء میں تھا جس کے عوامل سے دوسری عالمگیر جنگ چھڑ گئی تھی۔ اس وقت بعض حلقوں نے اپنے مفادات کے حصول کے لئے دشمنیوں کو ہوا دی۔ خاص طور پر اس قسم کے حالات میں دولت چند ہاتھوں میں اکٹھی ہو جاتی ہے یا ان چند حلقوں میں جمع ہو جاتی ہے جہاں اکثر اس کے مراکز

ہوتے ہیں اور پھر وہ حکومتوں کو قرضے فراہم کرتے ہیں مقروض ہونے والی حکومتوں کے حالات اس زمانہ کی مخدوش کیفیت کی غمازی کرتے ہیں۔

آج کل حکومتیں بڑے بینکوں کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کے لئے بڑی رقمیں دے رہی ہیں جن کی مقدار کئی ٹریلین (Trillion) ڈالروں تک جا پہنچتی ہے۔مگر یہ پھر بھی قلیل رقم ہے اس کے مقابلہ میں جو کہ دراصل مالی نقصان ہوا ہے۔ یہ عجیب صورتحال ہے کہ حکومت اعلان کرتی ہے کہ 700 بلین ڈالرز دے کر بینکوں کو دیوالیہ ہونے سے بچایا جا رہا ہے اور پھر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں سے سو بلین ڈالر بینکوں کے افسران کے بونس تھے۔

پھر یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ فلاں شخص سو بلین ڈالر لے کر غائب ہو گیا ہے۔ اس کے بعد حکومت کا مکمل سکوت ہوتا ہے اور کوئی آواز سنائی نہیں دیتی۔ عوام کو صحت دلانے کے بہانے کڑوی گولیاں تو کھلا دی جاتی ہیں مگر پھر کسی کارروائی کی نوید سنائی نہیں دیتی، کوئی آواز بلند ہوتی ہے تو اس تازیانے کی جس میں بگل کی طرح پھونکا جاتا ہے کہ مزید اتنے افراد آج اپنی نوکریوں سے بے دخل کر دئے گئے۔ جب یہ زہریلی گولیاں عوام کو نگلنی پڑتی ہیں تو کیا یہ صورتحال اضطراب پیدا نہیں کرے گی۔

اب تیسری دنیا یا ترقی پذیر ممالک کی طرف نگاہ دوڑائیں۔ امیر غرباء کے حقوق کا استحصال کر رہے ہیں اور اس کی کوئی انتہا نظر نہیں آتی۔ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ معیشت ترقی کرے گی اور یہ دولت آہستہ آہستہ پگھل کر عوام کی گود میں پہنچ جائے گی۔ یہ بچگانہ تسلّیاں ہیں۔ تمام حکومتیں بغیر کسی رنگ و نسل کی تمیز کے عام شہری کے حقوق پامال کرنے میں ملوث ہیں۔ امیر ممالک غریب ممالک کو مالی امداد فراہم کرتے ہیں مگر غریب ممالک اس کے پیچھے آنے والے نتائج کی پرواہ نہیں کرتے۔

بڑی طاقتیں اس طرح چھوٹے ملکوں کی پالیسیوں پر اپنا قبضہ کا ہاتھ مضبوطی سے قائم کرتی ہیں اور عوام میں سے بھی لوگوں کو اس کا احساس ہو جاتا ہے۔ بڑی طاقتیں یا تو سیاسی حکومتوں کی طرفداری کرتی ہیں یا ان کی بیخ کنی کر دیتی ہیں۔ نتیجۃً ان ملکوں کے عوام ان بڑی طاقتوں سے شدید نفرت کرنے لگتے ہیں حالانکہ میرے خیال میں اس کے ذمہ دار ان ممالک کے رہنما ہوتے ہیں۔

